Canal View
Co-operative Housing Society Ltd.

Ref. No. CV/ : 33034　　　　**Dated:** 17/5/2024

معزز ممبران کینال ویو!

السلام علیکم!

ہم دل کی اتھاہ گہرائیوں سے اللہ تعالیٰ کے اور آپ سب کے شکر گزار ہیں کہ آپ نے اپنے نمائندوں کے انتخاب میں بہت گرم جوشی سے حصہ لیا اور ہمیں اپنی خدمت کے قابل سمجھا۔ آپ سب کی انتخابات میں بھرپور اور والہانہ شرکت اس بات کی عکاسی کرتی ہے کہ ایک مہذب معاشرے کے قیام میں شفاف جمہوری عمل کو آپ کتنی وقعت دیتے ہیں۔ میں، خواجہ کفائیت اللہ اور میرے رفقائے کار خود کو آپ سب کا ممنون احسان سمجھتے ہیں اور جو ذمہ داری آپ نے ہمیں سونپی ہے اس کے بار کو مکمل طور خود پر محسوس کرتے ہیں اور دعا گو ہیں کہ اللہ پاک ہمیں اس خدمت کو عبادت کے طور پر اور کسی ذاتی مفاد سے بالاتر سوچ کے ساتھ ادا کرنے کی توفیق دے۔ آمین!

آپ کا اعتماد اس بات کا متقاضی ہے کہ ہم عاجزی، تندہی، ایمانداری اور شفافیت کے ساتھ اپنی سوسائٹی کی بہترین خدمت سرانجام دیں ہمیں یہ بھی یاد رکھنا چاہیے کہ "فرد ملت سے ہے تنہا کچھ نہیں" ہمیں اجتماعی مفادات کو مدِنظر رکھتے ہوئے ہر فرد کو اہمیت دینی ہے اور ایک ایسا ماحول فراہم کرنا ہے جہاں کسی باسی کی عزت نفس مجروح نہ ہو، اس کی بات سنی جائے اور حتی المقدور اس کی شکایت کا مداوا ہو سکے۔

ہم آپ سب کو دعوت دیتے ہیں کہ آپ بھی اس کارِ خیر میں حصہ لینے کیلئے ہمارے شانہ بشانہ ساتھ رہیں۔ آپ کی تجاویز اور مشورے سر آنکھوں پر رہیں گے تاکہ ہم وہ کچھ کر سکیں جو آپ کیلئے باعث سہولت و راحت ہو۔ ہم دل کی گہرائیوں سے اللہ تعالیٰ سے دعا گو ہیں کہ وہ ہمیں وہ صلاحیتیں عطا فرمائے جس سے اس کی مخلوق کی خدمت ہو سکے۔ ہم ایک بار پھر آپ کا شکریہ ادا کرتے ہیں کہ آپ سب نے انتخابات میں بھرپور حصہ لے کر باشعور شہری ہونے کا ثبوت فراہم کیا۔ ہمیں ایک دوسرے کے ساتھ مل کر چلنا ہے، ہمارا جینا مرنا اکٹھا ہے۔ انشاء اللہ!

17/5

خواجہ کفائیت اللہ صدر

و مینجمنٹ کمیٹی

کینال ویو کوآپریٹو ہاؤسنگ سوسائٹی، لاہور

CamScanner